Admin Branch 2025 ( 55 )

11

# عدالت عالیہ آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد

☆☆☆☆

بخدمت:

جناب ناظم اعلیٰ اطلاعات،

آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر،مظفرآباد۔

نمبر/ 10664 /انتظامیہ/ہائی کورٹ/2025ء مورخہ: 06-05-25

عنوان: **اجرائیگی اشتہار در روزنامہ جات**

السلام علیکم!

**معاملہ** عنوان الصدر میں مشمولہ اشتہار ارسال کرتے ہوئے تحریر خدمت ہے کہ متذکرہ اشتہار کو روزنامہ جات میں مشتہر کرنے کا اہتمام کیا جا کر دفتر ہذا کو مطلع فرمایا جائے۔

معاملہ اشد ضروری تصور ہو۔

(چوہدری محمد فیاض)

رجسٹرار

# عدالت عالیہ آزاد جموں و کشمیر مظفر آباد

***

## درخواستیں مطلوب ھیں

### وکلاء "ONLINE" درخواست ھاء/فارم جمع کرواسکتے ھیں

آزاد جموں وکشمیر سپریم کورٹ رولز 1978 کے آرڈر (IV) رول (4) کے تحت فٹنس سٹیفکیٹ کی اجرائیگی کے لیے خواہشمند اور مطلوبہ اہلیت کے حامل وکلاء سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

01۔ صرف 07۔سال یا اس سے زائد پریکٹس بطور ایڈووکیٹ ہائی کورٹ آزاد جموں وکشمیر کے حامل وکلاء درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔

02۔ وکلاء اپنی درخواست ہاء/ فارم صرف "ONLINE" جمع (Submit) کر سکتے ہیں۔ درخواست/ فارم عدالت عالیہ کی آفیشل ویب سائٹ/ ویب پورٹل http://www.ajkhighcourt.gok.pk/ پر تاریخ مقررہ تک دستیاب رہے گی۔

03۔ درخواست ہاء کی وصولی کی آخری تاریخ **12 مئی 2025**ء ہے، درخواست گزاران متذکرہ تاریخ بوقت **11:59 بجے رات** تک اپنی درخواست ہاء Online جمع (Submit) کرواسکتے ہیں۔

04۔ Online فارم انتہائی احتیاط سے پُر کیا جائے اور دُرست اور صحیح معلومات فراہم کی جائیں۔ فارم جمع (Submit) کرنے سے قبل اُمیدواران/ درخواست گزاران ترمیم کرسکیں گے، لیکن ایک مرتبہ فارم جمع ہونے کے بعد اس میں ترمیم نہیں کی جاسکے گی اور نہ ہی کسی ترمیم کی اجازت دی جائے گی۔ نامکمل درخواست ہاء مسترد کردی جائیں گی۔

05۔ اُمیدوار آن لائن جمع کروائی گئی درخواست ہاء کی "Hard Copy" مع جملہ تعلیمی اسناد/ ڈگری ہاء، قومی شناختی کارڈ، لائسنس وکالت (لوئر جوڈیشری و ہائیکورٹ) کی مصدقہ نقول اور آزاد جموں وکشمیر لیگل پریکٹیشنر اینڈ بار کونسل رولز 1998ء کے قاعدہ 98 ذیلی قاعدہ iv کے مطابق انفرادی حیثیت میں اپنی پیروی در عدالت عالیہ کے 10 حتمی فیصلہ شدہ اور 10 زیر کار مقدمات کی فہرست ہاء تصدیق شدہ ڈپٹی رجسٹرار صاحبان عدالت عالیہ آزاد جموں وکشمیر (ہیڈ کوارٹر و سرکٹ **بینچز**) جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

06۔ اُمیدواران رابطہ کے لیئے اپنا درست اور زیر استعمال موبائل نمبر/ WhatsApp نمبر اور "Email" اپنی درخواست فارم میں لازمی درج کریں۔

07۔ آن لائن درخواست ہاء/ فارم میں اُمیدواران اپنا نام، **ولدیت، تاریخ پیدائش، تعلیمی قابلیت، تجربہ، ایڈریس، رابطہ نمبر وغیرہ** بالصراحت اور درست ہجوں (Spelling) کے ساتھ درج کریں۔ Online درخواست ہاء کے ساتھ حالیہ فوٹوگراف 'Attach/ Upload' کریں۔

08۔ آن لائن درخواست ہاء جمع کروانے یا ویب سائٹ پورٹل کی نسبت انتہائی ضروری معلومات/ وضاحت درکار ہو تو دفتر ہذا کے ٹیلیفون نمبر **"05822-924306"** پر رابطہ کریں۔

**(نوٹ): قبل ازیں جن وکلاء نے Manually درخواستیں جمع کروا رکھی ہیں وہ بھی آن لائن درخواست ہا جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ آن لائن درخواست/ فارم جمع نہ کروانے کی صورت میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔**

(چوہدری محمد فیاض)

رجسٹرار